فوری ریلیز کے لیے: 28/12/2022

گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے ریاستی ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مغربی نیویارک میں بے موسمی انداز میں گرم درجۂ حرارت سے برف پگھلنے کی وجہ سے آنے والے ممکنہ سیلاب سے پہلے سیلاب سے نمٹنے کے وسائل تیار کر لیں

برف پگھلنے اور گرم درجہ حرارت کی وجہ سے متوقع سیلاب سے پہلے مقامی حکومتوں کو پمپس، ریت کی بوریاں اور دیگر وسائل دستیاب ہیں

سیلاب سے متعلقہ مسائل پر قابو پانے کے لیے ریاست کے ذخیرے سے تقریباً 800,000 ریت کی بوریاں اور 300 سے زیادہ پمپس اور جنریٹرز تعینات کرنے کے لیے دستیاب ہیں

متعدد ریاستی ایجنسیاں وسائل، سازوسامان اور عملہ تیار کر رہی ہیں تاکہ ممکنہ سیلاب کا سامنا کرنے والی میونسپلٹیوں کی معاونت کی جائے

گورنر Kathy Hochul نے آج مغربی نیویارک کے لیے اضافی مدد کا اعلان کیا ہے جو کہ موسم سرما کے مہلک طوفان کے خلاف ریاست کے جاری ردعمل کا ایک حصہ ہے کیونکہ اس طوفان کے نتیجے میں چھٹیوں والی ہفتہ وار تعطیل میں تیز ہوائیں چلتی رہیں، مکمل سفید برف چھائی رہی ہے، اور چار فٹ سے زیادہ بھاری، گیلی برف پڑ چکی ہے۔ طوفان کے خلاف ریاستی ردعمل کے اقدامات اس ہفتے اور، بدھ کو بھی جاری ہیں، گورنر Hochul نے مجموعی طور پر 611 نیشنل گارڈ کے سپاہی مغربی نیویارک کے خطے میں تعینات کیے ہیں۔ سروس کے اراکین کو تین افراد پر مشتمل ٹیموں میں تقسیم کیا گیا ہے، جو گھر گھر جا کر ایسے گھروں کے فلاحی دورے کر رہے ہیں جن کی اس واقعے کے دوران بجلی چلی گئی تھی اور انہوں نے 911 پر کال کی تھی۔ مجموعی طور پر، پورے طوفان کے دوران مغربی نیویارک اور بفلو شہر میں بجلی کی 170,000 سے زیادہ بندشوں کی اطلاع ملی ہے۔ اگرچہ جھیل کے اثر سے بننے والے برف کے تختے اب خطے کے لیے خطرہ نہیں ہیں، لیکن گورنر Hochul نے بدھ کے روز ریاستی اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ سیلاب سے نمٹنے کے لیے اثاثے تیار کر لیں کیونکہ اس ہفتے کے آخر میں بفلو کے علاقے میں سیلاب آنے کا امکان ہے کیونکہ درجہ حرارت میں اضافہ ہونے لگتا ہے اور برف پگھلنا شروع ہو جاتی ہے۔

"جبکہ ہم موسم سرما کے اس تاریخی طوفان کا سامنا کر چکے ہیں، لیکن ممکنہ طور پر خطرناک سیلابی حالات سے پہلے ہی ریاست نیویارک کی مسلسل تیاری اپنی جگہ برقرار ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہماری ریاستی ایجنسی کا عملہ اور مقامی ہنگامی امدادی کارکنان پورے طوفان کے دوران ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں، اور ہم ایسی ہر چیز کرنا جاری رکھیں گے جس کی مدد سے ہم مغربی نیویارک کے شہریوں کی حفاظت کر سکیں اور اپنی کمیونٹیز کو بحال ہونے میں مدد دے سکیں۔"

ریاست نیویارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات (Division of Homeland Security and Emergency Services، DHSES)، محکمہ تحفظ ماحولیات (the Department of Environment Conservation، DEC) اور دفتر برائے پارکس، تفریحی اور تاریخی تحفظ (پارکس) ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں اور مقامی میونسپلٹیوں کو ان مقامات کے بارے میں معلومات فراہم کر رہے ہیں جہاں اس ہفتے کے آخر

میں درجۂ حرارت کے اوپر جانے کے ساتھ سیلاب کے خطرات لاحق ہونے پر معاونت درکار ہو سکتی ہے۔ اگرچہ ریاست بھر میں جھیل کے اثر والی برفباری کے وقفے زیادہ تر کم ہو چکے ہیں، تاہم پورے ہفتے کے دوران درجہ حرارت میں بتدریج اضافہ ہونے کی توقع کی جا رہی ہے اور ریاست کے بیشتر علاقوں میں جمعہ تک اور ہفتہ وار تعطیل کے دوران درجۂ حرارت 50 ڈگری تک گرنے کی توقع ہے۔ برف پگھلنے اور پانی کے انجماد کے ٹوٹنے کی وجہ سے ہفتے کے آخر میں اور اس ہفتہ وار تعطیل پر سیلاب کا امکان ہے۔ نالیاں، ندیاں اور نشیبی، ناقص نکاسی والے علاقے خطرے کی زد میں آنے والے مقامات میں شامل ہیں۔

DEC ریاستی اور مقامی ایجنسیوں کے ساتھ خوب مل کر کام کر رہا ہے تاکہ گھروں، کاروباروں، یا بنیادی ڈھانچے کو سیلاب یا بے قابو آبی گزرگاہوں سے بچانے کے لیے بندوبست کرنے کی ضرورت پیش آنے کی صورت میں پمپس اور ریت کی بوریوں سمیت سیلاب سے نمٹنے کے آلات کے بارے میں ہم آہنگی قائم کی جائے۔ یہ اقدام متعدد ریاستی ایجنسیوں اور حکام کی مقامی حکومتوں اور خطے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ جاری ہم آہنگی کے علاوہ کیا جا رہا ہے تاکہ طوفان سے نمٹنے کے دیگر اقدامات کے علاوہ پھنسی ہوئی گاڑیوں کو نکالنے اور گھروں اور بڑی سڑکوں کو صاف کرنے میں مدد کی جا سکے۔ ان کوششوں میں معاونت کرنے والی دیگر ریاستی ایجنسیوں میں دفتر برائے عمومی خدمات (Office of General Services)، محکمہ اصلاحات اور کمیونٹی کی نگرانی (Department of Corrections and Community Supervision)، اور محکمۂ آمد ورفت (Department of Transportation) شامل ہیں۔ ضرورت پیش آنے پر اضافی وسائل کی تعیناتی جاری رہے گی۔

ان کارروائیوں میں معاونت کرنے کے لیے، ایری اور مونرو کاؤنٹیز میں ریاست کے ذخیروں کی جانب سے تعینات کرنے کے لیے درج ذیل وسائل دستیاب ہیں:

- 185 دو-انچ پمپس
- 91 تین-انچ پمپس
- 44 چار-انچ پمپس
- 14 چھ-انچ پمپس
- 312 جنریٹرز
- 4 ریت کی بوریاں بنانے والے
- 775,000 سے زائد ریت کی بوریاں

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "گورنر Hochul پُرعزم ہیں کہ اس تباہ کن طوفان سے نجات پانے میں مغربی نیویارک کے شہریوں کی مدد کی جائے اور بفلو کی سرزمین پر ہم اس ہفتے مسلسل بندوبست کر رہے ہیں۔ اس ہفتے کے آخر میں درجہ حرارت اوپر جائے گا اور، اس کے بعد چار فٹ سے زیادہ برف پڑے گی، ہمیں علاقے کے مشتبہ علاقوں میں کچھ سیلاب آنے کی توقع ہے۔ ہم اپنے ایجنسی شراکت داروں اور ایری کاؤنٹی کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ مقامی ایمرجنسی مینیجرز کے پاس ایسے وسائل موجود ہوں جو اس ہفتے ہر ایک کو محفوظ رکھنے کے لیے انہیں درکار ہیں۔"

محکمۂ ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "DEC گزشتہ ہفتہ وار تعطیل میں شدید سردی کے موسم سے متاثرہ کمیونٹیز کی مدد کرنے کے لیے مسلسل امداد اور معاونت فراہم کر رہا ہے، اور میں ان تمام ریاستی اور مقامی ردعمل کے اقدامات کرنے والوں کو سراہتا ہوں جنہوں نے اس ناگہانی طوفان کے دوران نیویارک کے شہریوں کی مدد کے لیے قدم اٹھایا ہے۔ چونکہ آنے والے دنوں میں درجہ حرارت اوپر جانے کی توقع کی جا رہی ہے، تو DEC کا عملہ مقامی سیلاب کی نگرانی کرے گا اور ضروری سامان کی ترسیل کے بارے میں شراکت داروں کے ساتھ ہم آہنگی قائم کرنا جاری رکھے گا کہ جب ہم گورنر Hochul، DHSES، ریاستی پارکس، اور دیگر ریاستی اور مقامی ہنگامی ردعمل کے اقدامات کرنے والوں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں تاکہ بفلو کے علاقے کی بحالی میں مدد کی جائے۔"

ریاستی پارکس کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا، "ریاستی پارکس DEC کے ساتھ ہم آہنگی قائم کرتے ہوئے برفباری کے لیے مشینری اور افرادی قوت والے اپنے ابتدائی ردعمل کا ساتھ دے رہے ہیں تاکہ علاقے میں سیلاب سے ہونے والے نقصانات کو کم کرنے میں مدد کی جائے۔ ہماری پارک پولیس ریاست اور مقامی حکام کے ساتھ مل کر کام کرے گی جبکہ دیگر OPRHP اراکین کمیونٹی کے لیے بستر، کھانے اور پینے کے پانی کی بوتلوں کی نقل و حمل میں مدد کریں گے، ایسا کرتے ہوئے گورنر Hochul کے پہلے ہی اٹھائے گئے اقدامات کے نقشِ قدم پر چلیں گے۔"

<u>سیلاب میں حفاظتی تجاویز</u>

- جلدی میں نکلنا درکار ہونے کی صورت میں اپنے گھر یا کام کی جگہ سے بلند، محفوظ مقام تک کا محفوظ ترین راستہ جان کر رکھیں۔
- 'خاندان کے ساتھ انخلا' کا منصوبہ بنا کر رکھیں اور اس کی مشق کریں اور خاندان کے افراد کے ایک دوسرے سے بچھڑ جانے کی صورت میں اکٹھا ہونے کی کوئی جگہ آپس میں طے کر کے رکھیں۔
- تمام قیمتی اشیاء، بشمول فرنشنگ، ملبوسات اور دیگر ذاتی ملکیتی اشیاء - کے ساتھ ممکنہ طور پر تصویر اور ویڈیو دستاویزات — کی ایک درجہ بند فہرست بنا کر رکھیں۔ اس فہرست کو کسی محفوظ جگہ پر رکھیں۔
- ڈبہ بند کھانے، ادویات اور ابتدائی طبی امداد کا سامان؛ اور پینے کا پانی ہنگامی حالات کے لیے ذخیرہ کر لیں۔ پینے کے پانی کو صاف، بند کنٹینرز میں ذخیرہ کریں
- منصوبہ بندی کر کے رکھیں کہ اپنے پالتو جانوروں کا کیا کرنا ہے۔
- دستی ریڈیو، فلیش لائٹیں، اضافی بیٹریاں اور ہنگامی صورتحال میں کھانا پکانے کا ساز و سامان دستیاب رکھیں۔
- اپنی گاڑی میں ایندھن یا چارجنگ مکمل رکھیں۔ بجلی منقطع ہو جانے کی صورت میں گیسولین اسٹیشنز کئی دنوں تک ایندھن فراہم نہیں کر سکیں گے۔ اپنی گاڑی کی ڈگی میں آفت زدہ حالات سے نمٹنے کی اشیاء کی کِٹ رکھیں۔
- معلوم کریں کہ آپ کی املاک ممکنہ سیلاب کی سطح سے کتنے فٹ اوپر اور نیچے ہے۔ جب سیلاب کی سطحوں کی پیشن گوئی نشر کی جائے، تو آپ اس بات کا تعین کر سکتے ہیں کہ کیا آپ سیلاب کی زد میں آ سکتے ہیں۔
- پانی کے ہنگامی بند بنانے کے لیے ریت کی بوریاں، پلائی ووڈ، پلاسٹک کی چادریں اور لکڑی کو اپنی پہنچ میں رکھیں۔

سیلاب سے پہلے، اس کے دوران اور بعد میں موسم کی شرائط اور تیاری کے اقدامات کی مکمل فہرست کے لیے، ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات کی ویب سائٹ https://www.dhses.ny.gov/flood-safety-tips ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418